سورہ یسین

محمد رضا خان

کون سمجھے گا فضیلت سورہ یسین کی
معجزہ ہے آیت آیت سورہ یسین کی

اس قدر کیجئے تلاوت سورہ یسین کی
حفظ ہوجائے ہر آیت سورہ یسین کی

جو بھی کرتا ہے تلاوت سورہ یسین کی
اس پہ چھاجاتی ہے رحمت سورہ یسین کی

قلب قرآن بن کے اتری ہے نبیؐ کے قلب پر
منفرد ہے یہ فضیلت سورہ یسین کی

چاہتا ہے گر پس مردن لحد میں نور ہو
زندگی میں کر تلاوت سورہ یسین کی

جب بھی موقع ہاتھ آئے سورہ یسین پڑھو
کام آئے گی شفاعت سورہ یسین کی

دم کیا جائے مریضوں پر تو پاجائیں شفا
دین ہے دنیا کی حکمت سورہ یسین کی

ایک سورہ پڑھ کے کیجئے ختم قرآن کا ثواب
بے بدل ہے یہ خیر و برکت سورہ یسین کی

روز محشر اہل محشر بھی ہمارے ساتھ ساتھ
کررہے ہوں گے تلاوت سورہ یسین کی

برکتیں مانند بارش ہوں رضاؔ صبح و مسا
ہو تلاوت جو بکثرت سورہ یسین کی